بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحرير
HIZB UT TAHRIR

مرکزی میڈیا آفس

پیر، 23جمادی الاول، 1438ھ | 20/02/2017 | نمبر: 1438 AH/033

پریس ریلیز

شیخ المجاہد عمر عبدالرحمن امریکی جرائم کا مشاہدہ کرتے ہوئے شہید کے طور پر اپنے رب سے جا ملے

جید عالم شیخ عمر عبدالرحمن، ایک صدی کے چوتھائی حصے سے زیادہ عرصے تک امریکی حکام کے ظلم کا مقابلہ کرتے ہوئے، بروز ہفتہ 18 فروری 2017، اپنے رب سے جا ملے۔ امریکی عقوبت خانے میں اُن کے انتقال سے امریکہ کی اسلام اور مسلمانوں سے دشمنی کا پتہ چلتا ہے؛ اور امریکہ کے انسانی حقوق کے دعووں کا جھوٹ اور منافقت واضح ہوتی ہے۔ اور یہ امریکہ کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے؛ امریکہ کو اُن کے بڑھاپے، اُن کی بیماری اور اُن کی آنکھوں سے معزوری و اندھیرے پر بالکل بھی رحم نہ آیا، کیونکہ ابو غریب، گوانتاناموا اور بگرام جیلوں میں اس کے ظلم کے اندھیرے اور کالے کرتوت امریکہ کے ضمیر پر شرم و ملامت کے نشان کے طور پر ہمیشہ رہیں گے۔ امریکہ جو اپنے ایجنٹ بشارالاسد کے مظالم پر پردہ ڈالنے سے نہیں رُکا، حالانکہ بشار درحقیقت دمشق کا قسائی ہے جس نے شام کے ہزاروں لاکھوں معصوم لوگوں کا قتل کیا ہے جن کا قصور صرف اتنا تھا کہ وہ امریکی گرفت سے آزادی کا مطالبہ کررہے تھے اور شریعت لاگو کرنے کی کوشش کر رہے تھے تاکہ وہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی خوشنودی اور قرب حاصل کر سکیں۔

امریکا شیخ عمر عبدالرحمن کی حق کی پُکار سے خوفزدہ ہو گیا اور اُن کی حق کی آواز کو دبانے کے لیے اُس نے انہیں پابندِ سلاسل کر دیا، مگر شہید شیخ عمر عبدالرحمن نے اپنی شہادت کے ذریعے ثابت کر دیا کہ امریکہ اسلام اور مسلمانوں سے دشمنی رکھتا ہے۔ اور چونکہ شیخ عمر عبدالرحمن اللہ کی طرف اُس کی خوشنودی کی راہ میں ایک شہید اور اِس دور کے فرعون، امریکہ، کے جرم کے گواہ کے طور پر روانہ ہوئے ہیں، اس لیے اُن کی شہادت آج کی اسلامی دعوت کے علمبرداروں کے لیے ایک روشن راستہ ہو گا جس پر چل کے دعوت کے یہ علمبردار اللہ کے دین کی حمایت اور اس کے کلام کی بالادستی کے لئے امریکہ کی حمایت یافتہ تباہ کن حکومتوں کے انہدام کے بعد اس کی شریعت کے نفاذ کے لیے کام کرینگے۔

اور ہم کچھ نہیں کہتے سوائے اِس کے کہ جس سے ہمیں ہمارے پروردگار کی خوشنودی حاصل ہو، بے شک ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی ملکیت ہیں، اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔۔۔۔ ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمیں قیامت کے دن دعوت کے علمبرداروں کے غیور قافلے میں شیخ کے ساتھ جمع فرمائے جو کہ اس دعوت میں رسول اللہ ﷺ کے طریقے کے مطابق انبیاء کی راہ پر چلتے رہے تھے، اور یہ کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ ہماری عزت افزائی فرمائے اپنی قوت، اپنی طاقت اور اپنی اعلیٰ کارگری کے ذریعے کہ جس کے آگے کوئی دشمن کامیاب نہیں ہو سکتا، اور یہ کہ وہ ہمیں ظلم کی قوتوں پر واضح صریح فتح عطا فرمائے، جو کہ دن رات اللہ سے مقابلے پر بضد ہیں تاکہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کو روک سکیں۔

اور ہم سلطانوں اور حکمرانوں کے شیوخ کو یاد دہانی کرواتے ہیں کہ حق بیان کرنے سے نہ موت قرب آتی ہے اور نہ رزق دور ہوتا ہے، اور شیخ عمر اور اُن سے پہلے گزرے ہوئے معزز علماء آپ کے لیے ایک بہترین نمونہ ہیں۔ لہذا، نہ لوگوں اور نہ سلطانوں سے ڈریں اور آپ حکمرانوں کے ظلم کی مزاحمت کے ذریعے اپنے رب کی رضا حاصل کرنے کی طرف بڑھیں کہ جنہوں نے اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے قانون کو ترک کر دیا ہے، تاکہ آپ کو اس دنیا اور آخرت میں اعلیٰ مقام حاصل ہو سکے، ورنہ دوسری صورت میں اللہ ضرورتوں اور تعریف سے بے نیاز ہے۔

عثمان بخاش

ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر

المكتب الإعلامي المركزي حزب التحرير HIZB-UT-TAHRIR Central Media Office

ٹیلیفون/ فیکس: 009611307594 موبائل: 0096171724043
ای میل: ws-cmo@hizb-ut-tahrir.info

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info